منہ میں کیا رکھتی ہے؟ چوہیا ہوگی، مت چھوڑ کہ فرش پر آئے، فرش خراب ہوتا ہے، اس کو باہر نکال، بلی مسکین
جانوری ست۔ بلے پیش شما مسکین[۳۹] ست۔ ازموش وکنجشک پرسید۔ بچہ رادیدم۔ گربہ[۴۰] رآزار داد۔
(بہت غریب) جانور ہے، ہاں تمھارے سامنے مسکین ہے، چوہے اور چڑیوں سے پوچھو، تم کو بچہ کو دیکھا، اس نے بلی کو ستایا،
دُمش محکم گرفت۔ گربہ پنجہ زدکہ خون ازدیدۂ[۴۱] طفل بچکید[۴۲]۔ ناخنِ گربہ قہرِ خدا است۔ کم ازخنجر خونریز نیست
بلی کی دم مضبوط پکڑلی، بلی نے ایسا پنجہ مارا کہ بچہ کی آنکھ سے خون ٹپکا، بلی کا ناخن خدا کا قہر ہے، خون بہانے والے خنجر سے
کاریکے[۴۳] ازگربہ می آید ازشیر نمی آید۔ سگ[۴۴] رانگاہ کنید چہ محبت می کند۔ بہ بنید چہ طور دمش[۴۵] می جنباند
کم نہیں ہے، جو کام بلی سے آتا ہے شیر سے نہیں آتا، کتے کو دیکھ کیسی محبت کرتا ہے، دیکھو، کس طرح دم ہلاتا ہے،
نشان محبتش ہمیں ست۔ خویش وبیگانہ راخوب می شناسد۔ دوست ودشمن خوب می داند۔
اسکی محبت کا یہی نشان ہے، اپنے اور غیر کو خوب پہچانتا ہے، دوست اور دشمن کو خوب جانتا ہے،
یک وصفش[۵۲] قناعت[۵۳] است کہ برابر صد وصف ست۔ یک استخوانش[۵۴] بس ست۔ صدائش[۵۵] میکنم
اسکا ایک وصف قناعت ہے جو سو وصفوں کے برابر ہے، ایک ہڈی اسکو کافی ہے، اس کو آواز دیتا ہوں

دویدہ[۵۶] می آید۔ بشما آشنا شدہ[۵۷]۔ دست بدہنش[۵۸] مکنید کہ می گزد۔ دمش مگیرید کہ خوشش نمی آید۔

دوڑ کر آتا ہے، تم سے بھی آشنا ہوگیا، اس کے منہ میں ہاتھ نہ دو کہ کاٹ لیتا ہے، اسکی دم نہ پکڑو کہ اس کو پسند نہیں آتی،

مگذارکہ درون[۵۹] بیاید۔ روزے[۶۰] بصحرا بردم[۶۱]۔ وسر گرش سر دادم[۶۲] چہ گویم؟ ہماں نقلِ گربہ وموش بود۔

مت چھوڑ کہ اندر آئے، ایک دن میں اسکو جنگل لے گیا۔ اور ایک بھیڑیئے کے پیچھے چھوڑ دیا۔ کیا کہوں؟ وہی بلی اور چوہے کی نقل تھی

شادی[۶۴] را دیدی؟ بوزنہ[۶۵] فارسی کتابے ست۔ ببیں سر دیوار نشستہ۔ دست پیشش مکن کہ می زند۔

تم نے شادی کو دیکھا (مراد بندر ہے) بندر کی کتابی فارسی بوزنہ ہے، تو دیکھ کہ دیوار پر بیٹھا ہوا ہے، اسکے سامنے ہاتھ نہ کر مارتا ہے،

بد جانوریست۔ مرا حرکاتش خیلے[۶۷] خوش می آید۔ چہ قدر بآدم[۶۸] می ماند۔ چہ صورتہا[۶۹] می سازد کہ خندہ می آید

برا جانور ہے، مجھ کو اسکی حرکتیں بہت پسند آتی ہیں۔ کس قدر آدمی سے مشابہ ہوتا ہے، کیسی صورتیں بناتا ہے کہ ہنسی آتی ہے

ابر سیاہے[۷۰] از جانبِ شمال برخاستہ۔ البتہ[۷۱] خواہد بارید۔ برق[۷۲] ہم می تابد۔ دویدہ بیائید۔ قدم بردارید

کالا بادل شمال سے اٹھا، البتہ برسے گا، بجلی بھی چمک رہی ہے، دوڑ کر آؤ، قدم اٹھاؤ

پیش از باریدن بخانہ برسیم۔ اینک در رسید۔ حالا[۷۳] زور آورد۔ بیائید۔ بدکانے پناہ گیریم تا تر نشویم۔

برسنے سے پہلے ہم گھر پہونچ جائیں، یہ پہونچی یعنی بارش آگئی، اب زور لائی، آؤ تم، کسی دکان میں پناہ لیں تاکہ بھیگ نہ جائیں

آب زور می بارد۔ اکنوں[۷۴] استاد۔ حالا کم شد۔ ہنوز ناوہ[۷۵] جاری ہست۔ زمین ہمہ گل شد۔ سوئے مشرق

پانی زور سے برستا ہے، اب رک گیا، اب کم ہوگیا، ابھی تک پر نالے جاری ہیں، زمین سب بھیگ گئی، مشرق کی طرف

نگاہ کنید۔ قوس[۷۶] قزح برآمدہ۔ بہ بہ[۷۷] خوش رنگہا دارد۔ ایں روشنی وصدائے[۷۸] مہیب چہ بود؟ ایں

دیکھو، کمان نکل آئی، واہ واہ عجیب رنگ رکھتی ہے، یہ روشنی اور ڈراؤنی آواز کیا تھی؟ یہ

برق ست ورعد[۷۹]۔ صاعقہ ست کہ سر مردم می افتد وہلاک می کند۔ پناہ خدا۔ الٰہی۔ از آسیبش[۸۰]

بجلی ہے اور رعد (کڑک) بجلی ہے کہ کبھی کبھی آدمیوں کے سر پر گرجاتی ہے اور ہلاک کر دیتی ہے، خدا کی پناہ اے اللہ اسکے صدمہ

نگہدار۔ باران[۸۱] رحمتِ الٰہی ست۔ اکنوں گیاہ[۸۲] می روید۔ روئے زمیں[۸۳] سرسبز می شود۔ گلبن[۸۴] گل[۸۵]

سے محفوظ رکھ، بارش خدا کی رحمت ہے، اب گھاس اگتی ہے، روئے زمین سرسبز ہو جائیگی، پھلواری میں پھول

می کند، درخت ثمر[۸۶] می بندد۔ غلہ پیدا می شود۔

آتے ہیں، درخت پھل لاتے ہیں، غلہ پیدا ہوتا ہے،

حل لغات:۔ ۱۵ سورج ۲ سورج چھپنے کی جانب ۳ سورج غروب ہونے کے بعد آسمان کے کناروں پر جو سرخی ظاہر ہوتی ہے پھر سفیدی ۴ بتی کا سرا ۵ جمع ستارہ ۶ صف باندھے ہوئے ۷ بارش کی دلیل ۸ اب

۹؎ چاندنی رات ۱۰؎ چاندچاندنی ۱۱؎ پانچ دن ۱۲؎ اندھیری رات ۱۳؎ اندھیری دنیا ۱۴؎ جانے کا وقت ۱۵؎ اسی جگہ
۱۶؎ سو جاؤ ۱۷؎ رات ۱۸؎ بہت ۱۹؎ سونے کا بستر ۲۰؎ ایک حصہ ۲۱؎ ڈیڑھ ۲۲؎ آج ۲۳؎ بہت جلدی ۲۴؎ نیند۔
۲۵؎ شمع رکھنے کا آلہ ۲۶؎ تالی ۲۷؎ تکیہ کے نیچے ۲۸؎ بند کر ۲۹؎ حصہ، ٹکڑا ۳۰؎ جگادے تو ۳۱؎ دو ۳۲؎ سفید ۳۳؎ کیا۔
۳۴؎ کھیل ۳۵؎ ہاتھ ۳۶؎ پیٹھ ۳۷؎ یہی ۳۸؎ منہ ۳۹؎ چوہیا ہوگی ۴۰؎ فرش پر ۴۱؎ باہر ۴۲؎ بلی ۴۳؎ وہ غریب جس کے
پاس کچھ نہ ہو ۴۴؎ اس کی دم ۴۵؎ مضبوط ۴۶؎ بچہ کی آنکھ ۴۷؎ ٹپکا ۴۸؎ بلی کا پنجہ جس میں ناخن ہوتے ہیں ۴۹؎ جو کام
۵۰؎ کتا ۵۱؎ کس طرح ۵۲؎ صفت ۵۳؎ تھوڑی چیز پر صبر کرنا ۵۴؎ ایک ہڈی ۵۵؎ آواز ۵۶؎ دوڑ کر ۵۷؎ واقف مانوس
۵۸؎ ہاتھ ۵۹؎ اس کے منہ میں ۶۰؎ اندر ۶۱؎ ایک دن ۶۲؎ جنگل ۶۳؎ چھوڑنا ۶۴؎ بندر کا نام رکھ لیا ہے ۶۵؎ کتابی فارسی
یعنی کتابوں میں بندر کو بوزنہ کہتے ہیں ۶۶؎ جمع حرکت کی ۶۷؎ بہت ۶۸؎ آدمی سے ۶۹؎ صورتیں بناتا ہے ۷۰؎ کالا بادل
۷۱؎ ضرور ۷۲؎ بجلی ۷۳؎ اب ۷۴؎ اب ۷۵؎ پرنالے ۷۶؎ کمان ۷۷؎ داد واد ۷۸؎ ڈراؤنی آواز ۷۹؎ فرشتہ کڑک ۸۰؎
تکلیف ۸۱؎ بارش ۸۲؎ گھاس ۸۳؎ اگتی ہے۔ پیدا ہوتی ہے ۸۴؎ زمین کا چہرہ یعنی زمین ۸۵؎ پھلواری ۸۶؎ پھول ۸۷؎ پھل

حصّہ دُوم

حکایت اوّل

ایک دن ایک بادشاہ شاہزادہ کے ساتھ شکار کھیلنے گیا۔ جب ہوا گرم ہوئی۔ بادشاہ اور شاہزادہ نے اپنے لباس کو مسخرہ کے کندھے پر رکھدیا۔ بادشاہ ہنسا اور اس نے کہا اے مسخرہ! تجھ پر ایک گدھے کا بوجھ ہے۔ مسخرہ نے کہا دو گدھے کا بوجھ۔

حکایت دوم

ایک شیر اور ایک مرد نے ایک گھر میں اپنی تصویریں دیکھیں۔ مرد نے شیر سے کہا۔ تو انسان کی بہادری کو دیکھتا ہے جس نے شیر کو تابع کر لیا ہے؟ شیر نے کہا اس کا مصور انسان ہے اگر شیر مصور ہوتا تو ایسا ہرگز نہ ہوتا۔

حکایت سوم

ایک شخص نے بڑا مرتبہ پالیا۔ ایک دوست مبارکباد کیلئے اسکے پاس گیا۔ اس شخص نے پوچھا تو کون ہے؟ اور کیوں آیا ہے؟ اس کا دوست شرمندہ ہوا اور اس نے کہا تو مجھکو نہیں پہچانتا ہے میں تیرا پرانا دوست ہوں تعزیت کیلئے تیرے پاس آیا ہوں میں نے سنا ہے کہ تو اندھا ہو گیا ہے۔

حکایت چہارم

ایک حکیم جب قبرستان میں جاتا۔ اپنے سر اور چہرے کو چادر سے چھپالیتا۔ لوگوں نے پوچھا کہ اس کا کیا سبب ہے؟ اس نے کہا میں اس قبرستان کے مردوں سے شرماتا ہوں اسلئے کہ وہ میری ہی دوا سے مرے ہیں۔

حکایت پنجم

ایک فقیر ایک کنجوس کے پاس گیا۔ اور کچھ سوال کیا۔ کنجوس نے کہا اگر تو میری ایک بات قبول کرلے پھر تو جو کہے گا میں دوں گا۔ فقیر نے کہا وہ بات کیا ہے؟ اس نے کہا کبھی مجھ سے کچھ مت مانگ اسکے علاوہ جو تو کہے میں کروں۔

حکایت ششم

ایک شخص نے افلاطون سے پوچھا کہ تو بہت سالوں تک جہاز میں رہا اور دریا کا سفر کیا۔ دریا میں تو نے کیا کیا عجائب دیکھے؟ اُسنے کہا سب سے بڑا عجوبہ یہی تھا کہ میں دریا سے کنارے پر آ پہونچا۔

حکایت ہفتم

ایک شاعر نے ایک مالدار کی تعریف کی۔ کچھ نہیں پایا۔ پس برائی کی مالدار نے اسکو کچھ نہ کہا۔ دوسرے دن شاعر اسکے دروازے پر گیا اور بیٹھ گیا۔ مالدار نے کہا۔ اے شاعر تو نے تعریف کی میں نے تجھکو کچھ نہ دیا۔ پس برائی کی۔ اس پر بھی میں نے کچھ نہ کہا۔ اب تو کیوں بیٹھا ہے؟ اس نے کہا اب میں چاہتا ہوں کہ اگر تو مرجائے تو میں تیرا مرثیہ بھی کہدوں۔

حکایت ہشتم

ایک شخص نے ایک فقیر کی پگڑی چھین لی اور بھاگیا۔ فقیر قبرستان میں گیا اور بیٹھ گیا۔ لوگوں نے اس سے کہا کہ وہ شخص تیری پگڑی لیکر ایک باغ کیطرف گیا۔ تو قبرستان کے پھاٹک پر کیوں بیٹھا ہے؟ اس نے کہا وہ بھی تو آخر اسی جگہ آئے گا۔ اسی سبب سے اس جگہ بیٹھا ہوں۔

حکایت نہم

ایک شخص نے خواب میں شیطان سے مُلاقات کی۔ ایک طمانچہ اسکے منھ پر مارا اور اس کی ڈاڑھی پکڑی اور کہا۔ اے خبیث تو ہمارا دشمن ہے، اور ہم جیسے لوگوں کو دھوکا دینے کے واسطے لمبی داڑھی رکھتا ہے۔ جب اس نے دوسرا طمانچہ اس کے منھ پر مارا بیدار ہوگیا۔ اور اپنی داڑھی کو اپنے ہاتھ میں دیکھکر شرمندہ ہوا اور اپنے آپ پر ہنسا۔

حکایت دہم

ایک شخص نے ایک کنجوس سے دوستی کرلی۔ اس نے ایک دن کنجوس سے کہا کہ اب میں سفر میں جاتا ہوں۔ تو اپنی انگوٹھی مجھ کو دے دے، میں اسکو اپنے پاس رکھوں گا۔ جس وقت اس کو دیکھوں گا۔ تجھکو یاد کروں گا۔ اس نے جواب دیا کہ اگر تو مجھکو یاد رکھنا چاہتا ہے۔ تو جب اپنی انگلی خالی دیکھے تو مجھکو یاد کرلینا کہ انگوٹھی فلاں سے مانگی تھی۔ اس نے نہیں دیا۔

حکایت یازدہم

ایک دن کسی شاعر نے کوئی خطا کی۔ بادشاہ نے جلاد کو حکم دیا کہ میرے سامنے اسکو قتل کر۔ شاعر کا جسم کانپنے لگا۔ بادشاہ کے کسی ندیم نے اس سے کہا یہ کیا بزدلی ہے اور بے حوصلگی ہے۔ بہادر کبھی اسطرح نہیں ڈرتے ہیں۔ شاعر نے کہا اے ندیم اگر تو بہادر ہے تو آ اور میری جگہ پر بیٹھ جا تاکہ میں اٹھ جاؤں۔ بادشاہ کو یہ لطیفہ پسند آیا۔

ہنسا اور اس کی خطا معاف کر دی۔

حکایت دوازدہم

ایک بادشاہ نے خواب میں دیکھا کہ اسکے تمام دانت گر پڑے ہیں۔ ایک نجومی سے اسکی تعبیر پوچھی۔ اسنے کہا کہ بادشاہ کی تمام اولاد اور اسکے تمام رشتہ دار بادشاہ کی زندگی ہی میں مر جائیں گے۔ بادشاہ غصہ میں آگیا۔ اور نجومی کو قید کرا دیا اور ایک دوسرے نجومی کو بلایا اور اس خواب کی تعبیر پوچھی۔ اس نے عرض کیا کہ بادشاہ اپنی تمام اولاد اور اپنے تمام رشتہ داروں سے زیادہ دن تک زندہ رہے گا۔ بادشاہ نے یہ لطیفہ پسند کیا اور انعام دیا۔

حکایت سیزدہم

ایک شخص ایک محرر کے پاس گیا۔ اور کہا تو ایک خط لکھدے، اس نے کہا میرے پیروں میں درد ہے۔ اس شخص نے کہا میں تجھکو کہیں بھیجنا نہیں چاہتا ہوں کہ تو ایسا عذر پیش کرتا ہے۔ اس نے جواب دیا کہ تیری بات درست ہے۔ لیکن جب بھی میں کسی کا خط لکھتا ہوں تو اس کے پڑھنے کے واسطے بلایا جاتا ہوں کیونکہ دوسرا کوئی بھی میرا خط نہیں پڑھ سکتا ہے۔

حکایت چہاردہم

ایک فقیر نے ایک بڑی خطا کی۔ لوگ اس کو حبشی کوتوال کے پاس لے گئے۔ کوتوال نے حکم دیا کہ فقیر کا پورا چہرہ کالا کر دو اور تمام شہر میں گھماؤ۔ فقیر نے کہا اے کوتوال۔ میرا آدھا ہی چہرہ کالا کرو ورنہ شہر کے لوگ جانیں گے میں ہی حبشی کوتوال ہوں۔ کوتوال اس بات پر ہنس پڑا اور فقیر کی خطا معاف کر دی۔

حکایت پانزدہم

ایک غریب شاعر ایک مالدار کے پاس گیا۔ اور اسکے اتنے قریب بیٹھا کہ شاعر اور مالدار کے درمیان ایک بالشت سے زیادہ کا فرق نہ رہا۔ مالدار اس حرکت سے برہم ہوا۔ اور چہرہ بگاڑ لیا اور پوچھا کہ تیرے اور گدھے کے درمیان کتنا فرق ہے؟ اس نے کہا ایک بالشت کے برابر! مالدار اس جواب سے بہت شرمندہ ہوا اور عذر چاہا۔

حکایت شانزدہم

لوگوں نے بیان کیا ہے کہ حضرت آدمؑ علیہ السلام نے جب جنت میں گیہوں کھالیا اور جو لباس کہ پہنے ہوئے تھے اُنکے جسم سے گر پڑا۔ اور ادھر ادھر بھاگنے لگے اور ہر درخت کے آڑ میں چھپنے لگے۔ پردہ غیب سے آواز آئی کہ اے آدمؑ! تو ہم سے بھاگتا ہے۔ انھوں نے کہا اے خدا! میں تجھ سے کیسے بھاگ سکتا ہوں اور کہاں بھاگ سکتا ہوں، لیکن میں اپنی غلطی سے شرماتا ہوں۔

حکایت ہفدہم

ایک بدو نے ایک اونٹ کھو دیا تھا۔ اُسنے قسم کھائی کہ جب پاؤں گا ایک درم میں بیچ دوں گا۔ جب اونٹ مل گیا۔ اپنی قسم پر نادم ہوا۔ ایک بلی اونٹ کی گردن میں لٹکادی اور اعلان کیا کہ اونٹ کو ایک درم میں بیچتا ہوں اور بلی کو سٹو درم میں لیکن الگ الگ نہیں بیچتا ہوں۔ ایک شخص وہاں پہونچا اور کہا کس قدر سستا ہوتا اگر اونٹ کی گردن میں یہ گلے کا ہار نہ ہوتا۔

حکایت ہیجدہم

ایک نابینا اندھیری رات میں ہاتھ میں چراغ لئے اور کاندھے پر ایک گھڑا رکھے ہوئے بازار میں جارہا تھا۔ ایک شخص نے اس سے پوچھا کہ اے بیوقوف رات و دن تیری آنکھوں میں برابر ہے تو یہ چراغ سے تجھکو کیا فائدہ، نابینا ہنس پڑا اور کہا یہ چراغ میرے لئے نہیں ہے بلکہ تیرے لئے ہے تاکہ تو اندھیری رات میں میری ٹھلیا نہ توڑ سکے۔

حکایت نوزدہم

ایک بادشاہ نے ایک نجومی سے پوچھا کہ میری عمر کو اب کتنے سال باقی ہیں؟ اس نے کہا دس سال۔ بادشاہ بہت فکرمند ہوا۔ بیمار کی مانند بستر پر پڑ رہا۔ وزیر عقلمند تھا۔ نجومی کو بادشاہ کے سامنے بلایا اور پوچھا کہ تیری عمر کو اب کتنے سال باقی ہیں؟ اس نے کہا بیس سال۔ وزیر نے اسی وقت تلوار سے نجومی کو بادشاہ کے سامنے قتل کر دیا۔ بادشاہ خوش ہوا اور وزیر کی حکمت کو پسند کیا۔ اور پھر نجومی کی کسی بات پر دھیان نہیں دیا۔

حکایت بستم

ایک آرٹسٹ کسی شہر میں گیا اور وہاں حکیمی کا پیشہ شروع کر دیا۔ چند روز کے بعد اس کے وطن کا ایک آدمی اس شہر میں پہونچا۔ اسکو دیکھا اور پوچھا کہ تو اب کون سا پیشہ کرتا ہے؟ اس نے کہا حکیمی۔ اس نے پوچھا کیوں؟ اس نے کہا اس وجہ سے کہ اگر اس پیشہ میں کوئی غلطی کروں گا تو مٹی اس کو چھپا دے گی۔

حکایت بست ویکم

ایک دن ایک شخص اپنے آپ سے مخاطب ہوکر کہہ رہا تھا کہ جو کچھ اس زمین و آسمان میں ہے۔ سب میرے واسطے ہے خدا نے مجھکو بہت بزرگ پیدا کیا۔ اسی بیچ ایک مچھر اسکی ناک پر بیٹھا اور اس نے کہا تجھ کو اتنا غرور زیب نہیں دیتا ہے۔ اس لئے کہ جو کچھ زمین و آسمان میں ہے خدا نے تیرے لئے پیدا کیا لیکن تجھکو میرے لئے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ میں تجھ سے زیادہ بزرگ ہوں۔

حکایت بست ودوم

ایک بادشاہ نے ایک عقلمند کو طلب کیا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تجھکو اس شہر کا قاضی مقرر کروں۔ عقلمند نے کہا میں اس کام کے لائق نہیں ہوں۔ بادشاہ نے پوچھا کیوں؟ اس نے جواب دیا کہ جو کچھ میں نے کہا اگر سچ کہا تو مجھکو معذور رکھو۔ اور اگر میں نے جھوٹ کہا تو جھوٹ بولنے والے کو قاضی بنانا مصلحت نہیں ہے۔ بادشاہ نے عقلمند کا عذر پسند کیا اور اس کو معذور رکھا۔

حکایت بست وسوم

ایک کبڑے سے لوگوں نے کہا۔ تو چاہتاہے کہ تیری پیٹھ سیدھی ہو جائے یا دوسرے لوگوں کی پیٹھ تیری پیٹھ کی طرح ٹیڑھی ہو جائے۔ اس نے کہا کہ دوسرے لوگوں کی پیٹھ ٹیڑھی ہو جائے تاکہ جس نظر سے دوسرے لوگ مجھ کو دیکھتے ہیں میں بھی ان کو اسی نظر سے دیکھوں۔

حکایت بست وچہارم

ایک عقلمند ایک بادشاہ کا دوست تھا۔ اور اپنی داڑھی کا بال اکھاڑ رہا تھا۔ ایک دن بادشاہ نے اس سے کہا اگر تو دوبارہ اپنی داڑھی کا بال اکھاڑے گا تو میں تجھکو سزا دوں گا۔ چند دن کے بعد عقلمند نے کوئی ایسا کام کیا کہ بادشاہ اس پر مہربان ہو گیا اور اس سے کہا کہ تو جو مانگے میں تجھکو بخش دوں۔

عقلمند نے کہا میری داڑھی مجھ کو بخش دے اور کچھ نہیں چاہتا ہوں۔ بادشاہ ہنس پڑا اور کہا اگر تیری خوشی اسی میں ہے تو میں نے بخش دیا۔

حکایت بست و پنجم

ایک چور ایک آدمی کے گھر میں گھوڑا چرانے کی غرض سے گھس گیا۔ اتفاقاً گرفتار ہوگیا۔ گھوڑے کے مالک نے چور سے کہا اگر تو مجھ کو گھوڑا چرانے کی حکمت بتلادے تو میں تجھکو چھوڑ دوں۔ چور نے قبول کرلیا گھوڑے کے نزدیک گیا۔ اور اُسکے پیر کی رسّی کھول دی اور اس کے بعد لگام کسی پھر گھوڑے پر سوار ہوا اور زور سے ہانکا اور کہا۔ تو دیکھ اسی طرح چوری کرتے ہیں۔ لوگوں نے ہرچند اس کا پیچھا کیا۔ نہ پاسکے۔

حکایت بست و ششم

ایک شخص بہت غریب تھا۔ ایک گھوڑا رکھتا تھا۔ اس کو اصطبل میں باندھ دیا لیکن جس طرف گھوڑوں کا سر ہوتا ہے اس نے اسکی دم کردی۔ اور آواز دی کہ اے لوگو! عجیب تماشا دیکھو کہ گھوڑے کا سر دُم کی جگہ پر ہے۔ شہر کے تمام لوگ جمع ہوگئے۔ جو شخص اصطبل میں تماشا دیکھنے کی غرض سے جانا چاہتا تھا اس سے کچھ پیسے لیتا تھا اور اس کو راستہ بتلادیتا تھا۔ جو بھی اس اصطبل میں جاتا تھا۔ شرمندہ ہوکر اس جگہ سے لوٹتا تھا اور کچھ نہیں کہتا تھا۔

حکایت بست و ہفتم

امیر تیمور لنگ جب ہندوستان پہونچا۔ گویّوں کو بلایا اور کہا۔ بزرگوں سے میں نے سنا ہیکہ اس شہر میں قابل گویّے ہیں۔ ایک نابینا گویا بادشاہ کے سامنے حاضر ہوا۔ اور گانا شروع کیا بادشاہ بہت خوش ہوا اور اس کا نام پوچھا۔ اس نے کہا میرا نام دولت ہے۔ بادشاہ نے کہا دولت بھی اندھی ہوتی ہے؛ اس نے جواب دیا کہ اگر دولت اندھی نہ ہوتی تو لنگڑے گھر نہیں آتی۔ بادشاہ نے یہ جواب پسند کیا۔ اور بہت انعام دیا۔

حکایت بست و ہشتم

ایک شخص حکیم کے پاس گیا۔ اور اس نے کہا میرا پیٹ درد کرتا ہے۔ حکیم نے پوچھا تو نے آج کیا کھایا ہے۔

اس نے کہا جلی روٹی۔ حکیم نے اس کی آنکھ میں دوا ڈالنا چاہی اس شخص نے کہا اے حکیم پیٹ کے درد کو آنکھ سے کیا نسبت؟ حکیم نے کہا پہلے تیری آنکھ کی دوا کرنی چاہیئے اس لئے کہ اگر تیری آنکھ درست ہوتی تو جلی روٹی نہیں کھاتا۔

حکایت بست و نہم

ایک شخص کی ایک دینار کی تھیلی گھر میں گم ہوگئی۔ اس نے قاضی کو خبر کی۔ قاضی نے گھر کے تمام لوگوں کو طلب کیا اور ہر آدمی کو ایک ایک لکڑی دی جو تمام لمبائی میں برابر تھی اور کہا کہ جو چور ہے اس کی لکڑی ایک انگلی کے برابر لمبی ہو جائیگی۔ جب تمام کو رخصت کیا۔ جس شخص نے چرایا تھا ڈرا اور لکڑی کو ایک انگلی کے برابر تراش دیا۔ دوسرے دن جب قاضی نے سب کو بلایا اور لکڑیوں کو دیکھا معلوم کرلیا کہ چور یہ ہے۔ دینار کی تھیلی اس سے لے لی اور سزا دی۔

حکایت سی ام

ایک شخص نے کسی شخص سے شرط رکھی کہ اگر میں بازی نہ جیت پاؤں تو ایک سیر گوشت میرے جسم سے تراش لینا۔ جب اس نے بازی نہیں جیتی۔ مدعی نے شرط کو پورا کرنا چاہا اس نے قبول نہیں کیا۔ دونوں قاضی کے پاس گئے قاضی نے مدعی سے کہا معاف کردے۔ اس نے قبول نہیں کیا۔ قاضی کو غصہ آیا۔ حکم دیا کہ تراش لیکن اگر ایک سیر سے کم یا زیادہ تراشے گا تو تجھے سزا دوں گا۔ مدعی ایسا نہیں کرسکتا تھا۔ مجبور ہوکر معاف کردیا۔

حکایت سی و یکم

ایک شخص نے ایک طوطی پالی اور اس کو فارسی زبان سکھلا دی طوطی ہر بات کے جواب میں کہتا تھا "اسمیں کیا شک" ایک دن وہ شخص طوطی کو بازار میں بیچنے کی غرض سے لے گیا اور سو روپیہ اسکی قیمت رکھی۔ ایک مغل نے طوطی سے پوچھا کہ تو سو روپیہ کے لائق ہے؟ اس نے کہا "اسمیں کیا شک" مغل خوش ہوا اور طوطی کو خرید لیا۔ اور اپنے گھر لے گیا۔ جو بات بھی طوطی سے کرتا تھا اس کا جواب "اسمیں کیا شک" پاتا تھا۔ اپنے دل میں شرمندہ اور نادم ہوا اور کہا میں نے بیوقوفی کی کہ ایسے طوطی کو خرید لیا۔ اس نے کہا "اسمیں کیا شک" مغل کو ہنسی آگئی اور طوطی کو چھوڑ دیا۔

حکایت سی و دوم

ایک عقلمند ایک مسجد میں بیٹھا تھا اور لوگوں کے ساتھ وعظ کر رہا تھا۔ ایک شخص اس مجلس میں رو رہا تھا۔ ایک دن عقلمند نے کہا میری بات اس شخص کے دل میں بہت اثر کرتی ہے۔ اسی سبب سے روتا ہے۔ دوسروں نے اس شخص سے کہا کہ ہمارے دل میں عقلمند کی بات زرا بھی اثر نہیں کرتی ہے تو کیسا دل رکھتا ہے کہ رونے لگتا ہے۔ اس نے کہا میں عقلمند کی بات پر نہیں روتا ہوں بلکہ میں نے ایک خصی پالا تھا اور اسکو بہت عزیز رکھتا تھا جب خصی بڈھا ہوگیا مرگیا جسوقت عقلمند بات کرتا ہے اور اسکی داڑھی ہلتی ہے خصی مجھ کو یاد آتا ہے اسلئے کہ وہ بھی ایسی ہی لمبی داڑھی رکھتا تھا۔

حکایت سی و سوم

ایک دن سکندر اعظم نے حاضرین مجلس سے کہا کہ کبھی میں نے کسی کو محروم نہیں کیا۔ جس نے جو بھی مجھ سے مانگا بخش دیا۔ ایک شخص نے اسی وقت عرض کیا کہ آقا! مجھے ایک درم کی ضرورت ہے۔ عنایت کریں۔ سکندر نے فرمایا کہ بادشاہوں سے ایسی بہت معمولی چیز مانگنا بے ادبی ہوتی ہے۔ اس شخص نے کہا کہ اگر بادشاہ کو ایک درم کے دینے میں شرم آتی ہے تو ایک ملک مجھکو بخش دیں۔ سکندر نے کہا تو نے پہلا سوال میرے رتبہ سے کم کا کیا اور دوسرا سوال اپنے رتبہ سے زیادہ کا کیا۔ دونوں سوال نامناسب کئے۔ وہ شخص لاجواب ہوگیا اور شرمندہ ہوا۔

حکایت سی و چہارم

ایک شخص نے اپنے نوکر سے کہا کہ اگر تو صبح سویرے دو کوے ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھے تو مجھے خبر کرنا کہ میں انکو دیکھوں گا۔ نیک شگون حاصل کروں گا۔ میرا تمام دن خوشی سے گزرے گا۔ مختصر یہ کہ اس کے نوکر نے دو کووں کو ایک جگہ دیکھا اور اپنے مالک کو خبر کی۔ اس کا مالک جب باہر آیا ایک ہی کوے کو دیکھا اور دوسرا کوا اڑ چکا تھا۔ نوکر پر بہت غصہ ہوا۔ اور کوڑے سے مارنے لگا۔ اسی وقت کسی دوست نے اس کے لئے کھانا بھیج دیا۔ نوکر نے عرض کی اے آقا! آپ نے ایک کوے کو دیکھا۔ کھانا پائے۔ اگر دو کوے کو دیکھتے۔ آپ بھی وہی پاتے جو میں پاتا تھا۔

حکایت سی و پنجم

ایک شاعر ایک مالدار کے پاس گیا اور اس کو بہت سراہا۔ مالدار خوش ہوا اور کہا میرے پاس نقد نہیں ہے لیکن غلہ بہت ہے۔ اگر تو کل آئے تو دوں۔ شاعر اپنے گھر گیا اور صبح کے وقت مالدار کے پاس دوبارہ آیا۔ مالدار نے پوچھا کیوں آیا؟ اس نے کہا کل تو نے غلہ دینے کا وعدہ کیا اسی سبب سے دوبارہ آیا ہوں۔ مالدار نے کہا تو عجیب بیوقوف ہے۔ تو نے بات سے مجھکو خوش کیا میں نے بھی تجھکو خوش کر دیا اب کیوں غلہ دوں؟ شاعر شرمندہ ہوا اور واپس لوٹا۔

حکایت سی و ششم

ایک رات کی قاضی نے کسی کتاب میں دیکھا کہ جو شخص چھوٹا سر رکھتا ہے اور لمبی داڑھی۔ بیوقوف ہوتا ہے قاضی خود چھوٹا سر رکھتا تھا اور داڑھی بہت لمبی۔ دل میں سوچا کہ سر کو میں بڑا نہیں کر سکتا ہوں لیکن داڑھی کو چھوٹی کر سکتا ہوں۔ قینچی تلاش کی۔ نہیں پایا۔ مجبوراً آدھی داڑھی کو ہاتھ سے پکڑ لیا اور چراغ کے قریب لے گیا۔ جب بالوں میں آگ لگ گئی تو شعلہ اسکے ہاتھ تک پہونچ گیا۔ داڑھی کو چھوڑ دیا اس کی تمام داڑھی جل گئی قاضی بہت شرمندہ ہوا۔ اس سبب سے کہ جو کچھ کتاب میں لکھا تھا ثابت ہو گیا۔

حکایت سی و ہفتم

دو مصوروں نے آپس میں گفتگو کی کہ ہم دونوں تصویر کھینچیں اور دیکھیں کہ کون عمدہ کھینچتا ہے۔ ایک مصور نے انگور کے ایک گچھے کا نقش کھینچا اور اسکو دروازہ پر لٹکا دیا۔ چڑیاں آئیں اور اس پر چونچ مارنے لگیں۔ لوگوں نے اس تصویر کو بہت پسند کیا اور دوسرے مصور کے گھر گئے۔ اور پوچھا کہ تو نے کہاں تصویر کھینچی ہے؟ اُسنے کہا اس پردہ کے پیچھے۔ پہلے مصور نے چاہا کہ پردہ ہٹائے جب ہاتھ پردہ پر رکھا اسے معلوم ہوا کہ پردہ نہیں ہے بلکہ دیوار ہے جس پر تصویر کھینچی ہوئی ہے۔ دوسرے مصور نے کہا کہ تو نے ایسی تصویر کھینچی کہ چڑیاں دھوکا کھا گئیں اور میں نے ایسی تصویر کھینچی کہ خود مصور دھوکا کھا گیا۔

حکایت سی و ہشتم

ایک دن ایک ظالم بادشاہ تنہا شہر سے باہر نکلا۔ ایک شخص کو درخت کے نیچے بیٹھا دیکھا پوچھا کہ اس ملک کا بادشاہ کیسا ہے؟ ظالم ہے یا انصاف ور؟ اس نے کہا بہت ظالم ہے۔ اُسنے کہا مجھکو پہچانتا ہے؟

اس نے کہا نہیں۔ بادشاہ نے کہا میں ہی اس ملک کا بادشاہ ہوں۔ وہ شخص ڈر گیا اور پوچھا تو مجھکو جانتا ہے؟ بادشاہ نے کہا نہیں۔ اس نے کہا میں صالح سوداگر کا لڑکا ہوں۔ مہینہ میں تین دن پاگل ہوجاتا ہوں آج کا دن انھیں تین دنوں میں سے ایک ہے۔ بادشاہ ہنس پڑا اور اس کو کچھ نہ کہا۔

حکایت سی و نہم

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مناجات کی کہ اے خدا کیا ہی اچھا ہوتا اگر چار چیز ہوتی اور چار چیز نہ ہوتی زندگی ہوتی اور موت نہ ہوتی۔ جنت ہوتی اور دوزخ نہ ہوتی۔ مالداری ہوتی اور فقیری نہ ہوتی۔ تندرستی ہوتی بیماری نہ ہوتی۔ غیب سے آواز آئی کہ اے موسیٰ اگر زندگی ہوتی اور موت نہ ہوتی تو ہماری ملاقات سے کون مشرف ہوتا۔ اگر جنت ہوتی اور دوزخ نہ ہوتی تو ہمارے عذاب سے کون ڈرتا۔ اگر مالداری ہوتی اور فقیری نہ ہوتی تو ہماری نعمتوں کا شکریہ کون اداکرتا۔ اور اگر تندرستی ہوتی اور بیماری نہ ہوتی تو ہم کو کون یاد کرتا۔

حکایت چہلم

ایک دیہاتی ایک گدھا رکھتا تھا۔ بے خرچی کے سبب گدھے کو چرنے کے واسطے ایک باغ میں چھوڑ دیتا تھا باغ کے مالکان گدھے کو پیٹتے تھے۔ اور کھیتی سے باہر ہانک دیتے تھے۔ ایک دن دیہاتی نے ایک شیر کی کھال گدھے کے اوپر باندھ دی۔ رات کے وقت چرنیکے واسطے بھیجا۔ اسکے بعد گدھا ہر رات شیر کی کھال کے ساتھ باغ میں جاتا تھا۔ جو شخص رات میں دیکھتا تھا وہ یقین جانتا تھا کہ یہ شیر ہے۔ ایک رات مالی نے اسکو دیکھا اسکے خوف سے ایک درخت کے اوپر چڑھ گیا۔ اسی بیچ ایک دوسرا گدھا جو پاس ہی میں تھا آواز کی اور دیہاتی گدھے نے بھی اسکی آواز میں آواز ملائی اور گدھوں کیطرح زور زور سے چلانے لگا۔ مالی نے اسکو پہچان لیا اور سمجھ گیا کہ یہ کون ہے۔ درخت سے نیچے اترا اور اس گدھے کو خوب لاتیں مار مار کر ہنکا دیا۔

حکایت چہل و یکم

لوگوں نے بیان کیا ہیکہ حضرت یوسف علیہ السلام قحط کے سالوں میں جسوقت کہ مصر کے بادشاہ تھے۔ روز بروز کمزور

ولاغر ہوتے جاتے۔ اس حال کی وجہ لوگوں نے ان سے پوچھی۔ انھوں نے جواب نہیں دیا۔ اسکے بعد لوگوں نے بہت اصرار کیا تب بتلایا کہ میں ایک پوشیدہ مرض رکھتا ہوں۔ حکیموں نے کہا آپ مرض کی وضاحت فرمائیں تاکہ ہم علاج میں مشغول ہوں۔ انھوں نے کہا سات سال ہوگئے کہ میں بادشاہت کے تخت پر بیٹھا ہوا ہوں اور مصر کے عوام کے اختیار کی باگ ڈور میرے ہاتھ میں سونپ رکھی ہے اور اس مدت میں میرے نفس کو یہ خواہش رہی ہے کہ اس کو جو کی روٹی سے آسودہ کروں اور میں ایسا نہیں کرپایا ہوں۔ لوگوں نے کہا یہ تمام مشقتیں کیوں سہتے ہیں؟ انھوں نے کہا میں بھوکوں اور محتاجوں کی حمایت کرتا ہوں اور ڈرتا ہوں کہ اگر ایک آدمی بھی کسی رات ملک مصر میں بھوکا ہوا اور میں اس رات آسودہ رہوں تو میری قیامت میں پکڑ ہوگی۔

حکایت چہل ودوم

لوگوں نے بیان کیا ہیکہ ایک خواجہ ایک نیک اور خدا ترس غلام رکھتا تھا۔ اچانک بیمار پڑ گیا۔ اس نے منت مانی کی اگر اس بیماری سے شفا پاؤں گا تو اس غلام کو آزاد کروں گا۔ خدا نے اسکو شفا بخش دی۔ خواجہ کو غلام سے بے پناہ محبت تھی اسکو آزاد نہیں کیا اور دوبارہ بیمار پڑ گیا۔ غلام سے کہا کہ تو جا اور حکیم کو بلا لا تاکہ میرا علاج کرے۔ غلام باہر گیا اور لوٹ آیا۔ خواجہ نے کہا حکیم کہاں ہے؟ اس نے کہا حکیم کہتا ہے کہ وہ میری مخالفت کرتا ہے اور وہ جو کچھ کہتا ہے پورا نہیں کرتا ہے۔ میں اس کا علاج نہیں کروں گا۔ خواجہ آگاہ ہوا اور کہا اے غلام حکیم سے کہہ کہ میں مخالفت سے باز آیا اور وعدہ کے توڑنے سے توبہ کیا۔ پھر غلام نے کہا اے خواجہ حکیم کہتا ہے کہ اگر تو پہلے صفت اپنا لے گا تب ہم بھی شفا کا شربت دیں گے۔ خواجہ نے غلام کو آزاد کردیا اور اسی [illegible]ت شفا پاگیا۔

حکایت چہل وسوم

ایک سپاہی دیوان کے پاس اپنی تنخواہ لینے کی غرض سے گیا جو پاس بک کہ وہ رکھتا تھا دیوان کو دکھلایا۔ خزانہ بالکل خالی تھا۔ وزیر کو ایک تدبیر سوجھی اور کہا تیری پاس بک پرانے گانے کی طرح

معلوم ہوتی ہے۔ قابل اعتماد نہیں ہے۔ سپاہی جھنجلا کر اٹھا اور بادشاہ کے پاس گیا اور بڑی بے باکی اور دلیری کیساتھ اس فرمان کو جس پر بادشاہی مہر لگا ہوا تھا سامنے رکھدیا۔ اور گویوں کیطرح آہستہ آواز میں راگ الاپنے لگا اور سر کو اپنے آپ ہلانے لگا۔ جب بادشاہ کی نظر اس سپاہی پر پڑی پوچھا کہ تو کیا کرتا ہے؟ اور کیا چاہتا ہے؟ سپاہی نے کہا بندہ تنخواہ لینے گیا تھا اور فرمان کو دکھلایا۔ وزیر نے کہا کہ تیری پاس بک پرانے گانے کی طرح معلوم ہوتی ہے۔ اب میں جائزہ لیتا ہوں کہ کس راگ سے مطابقت رکھتی ہے۔ بادشاہ نے اس کا لطیفہ پسند کیا اور بے اندازہ نعمت بخشی۔

حکایت چہل و چہارم

دو آدمیوں نے اپنے مال کو ایک بوڑھی عورت کو سپرد کیا۔ اور کہا کہ جب ہم دونوں آئیں گے لے لیں گے۔ چند روز کے بعد ان میں کا ایک آدمی بوڑھی عورت کے پاس آیا اور کہا کہ میرا ساجھے دار مر گیا اب وہ مال مجھ کو دیدے۔ بڑھیا مجبور ہوگئی اور تھوڑی دیر کے بعد دوسرا آدمی آیا اور مال مانگا۔ بڑھیا نے کہا کہ تیرا ساجھے دار آیا تھا اور تجھکو مُردہ بتایا ہر چند میں نے ٹال مٹول کی لیکن میری بات نہ مانی اور تمام مال لیکر چلا گیا۔ وہ آدمی بڑھیا کو قاضی کے پاس لے گیا اور انصاف طلب کیا۔ قاضی نے تھوڑے غور و فکر کے بعد جان لیا کہ عورت بے قصور ہے۔ حکم دیا کہ تو نے اول شرط یہی رکھی تھی کہ جب ہم دونوں ساجھے دار آئیں گے مال لے جائیں گے پس تو اپنے ساجھے دار کو ڈھونڈ لا اور مال لے جا۔ تنہا کیسے پائے گا؟

حکایت چہل و پنجم

ایک فقیر ایک سبزی فروش کی دکان پر گیا اور خرید نے میں جلد بازی کی۔ سبزی فروش نے فقیر کو گالی دی۔ فقیر کو غصہ ہوا اور ایک جوتا سبزی فروش کے سر پر دے مارا۔ سبزی فروش کوتوال کے پاس گیا اور شکایت کی۔ کوتوال نے فقیر کو بلا کر پوچھا کہ تو نے کیوں سبزی فروش کو مارا؟ فقیر نے کہا کہ سبزی فروش نے مجھکو گالی دی۔ کوتوال نے کہا اے فقیر تو نے بہت بڑی غلطی کی لیکن چونکہ تو فقیر ہے اسلئے تجھکو سزا نہیں دونگا۔ جا۔ آٹھ آنے سبزی فروش کو دیدے

کیوں کہ تیری غلطی کی سزا یہی ہے۔ فقیر نے ایک روپیہ اپنے جیب سے نکال کر کوتوال کے ہاتھ پر رکھدیا اور ایک جوتا کوتوال کے سر پر دے مارا اور کہا اگر ایسا ہی انصاف ہے تو آٹھ آنے تو لے اور آٹھ آنے اس کو دیدے۔

حکایت چہل و ششم

ایک بادشاہ نے کسی دشمن کے مقابلے میں فوج بھیجی وہ فوج شکست کھا گئی۔ ایک شخص نے جلدی سے بادشاہ کے پاس جاکر خبر دی کہ تمہاری فوج، فتح یاب ہوگئی۔ بادشاہ بہت خوش ہوا اور دو روز کے بعد شکست پانیکی خبر ملی۔ بادشاہ نے اس شخص کو سزا دینا چاہی۔ اس نے عرض کیا کہ اے حضور! میں سزا کے لائق نہیں ہوں کیونکہ میں نے دو روز تم کو خوش رکھا۔ تم کیوں مجھکو ناخوش کرتے ہو؟ بادشاہ نے یہ لطیفہ پسند کیا اور اس کو انعام دیا۔

حکایت چہل و ہفتم

ایک کنجوس نے ایک دوست سے کہا ایک ہزار روپیہ میرے پاس ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ یہ روپیہ شہر کے باہر کہیں مٹی میں چھپادوں۔ اور تیرے سوا اور کسی کو یہ بھید نہ بتلاؤں۔ مختصر یہ کہ دونوں شہر کے باہر جاکر ایک درخت کے نیچے اس روپیہ کو چھپا دیا۔ چند روز کے بعد وہ بخیل تنہا اس درخت کے نیچے گیا اور روپیہ کا کوئی نشان نہ پاکر دل میں سوچا کہ اس دوست کے سوا کوئی اور نہیں لے گیا ہے۔ لیکن اگر اس سے پوچھوں گا تو ہرگز اقرار نہیں کرے گا۔ پس وہ اسکے گھر گیا اور کہا بہت زیادہ روپیہ مجھے ہاتھ لگا ہے میں چاہتا ہوں کہ اسی جگہ چھپادوں۔ پس اگر تو کل آئے تو ساتھ چلیں۔ وہ دوست بہت زیادہ روپیہ کی لالچ میں اس پہلے روپیہ کو اس جگہ دوبارہ لے جاکر چھپادیا اور بخیل دوسرے دن اس جگہ تنہا گیا۔ اپنا روپیہ پا گیا اور اپنی حکمت کو پسند کیا اور پھر کبھی دوستوں کی دوستی پر بھروسہ نہیں کیا۔

حکایت چہل و ہشتم

ایک شخص جو کا جارہا تھا۔ ایک دیہاتی کو دیکھا کہ دریا کے کنارے پر کھانا کھارہا ہے۔ اسکے نزدیک گیا اور کہا میں تیرے گھر کی طرف سے آرہا ہوں۔ دیہاتی نے پوچھا کہ میرے

بال بچے اور اونٹ وغیرہ تمام خیریت سے ہیں؟ اس نے کہا ہاں۔ دیہاتی کو اطمینان ہو گیا
اور پھر اس شخص پر نظر نہیں کی۔ اس شخص نے کہنا شروع کیا کہ اے دیہاتی یہ کتا جو کہ اس وقت
میرے سامنے بیٹھا ہے اگر تیرا کتا زندہ رہتا تو ایسا ہی ہوتا۔ دیہاتی نے سر اٹھایا اور کہا میرا
کتا کس وجہ سے مر گیا؟ اس نے کہا اونٹ کا گوشت بہت کھا گیا تھا۔ اس نے پوچھا اونٹ
کیسے مر گیا؟ کہا تیری بیوی مر گئی اسی سبب سے کسی نے اس کو چارہ اور پانی نہیں دیا۔
اس نے پوچھا بیوی کیسے مر گئی؟ کہا تیرے لڑکے کے غم میں بہت روئی اور اپنے سر اور
سینے پر پتھر دے مارا۔ اس نے پوچھا لڑکا کیسے مر گیا؟ کہا مکان اسکے اوپر گر پڑا۔ دیہاتی
نے جب یہ گھر کی بربادی کا احوال سنا۔ مٹی سر پر ڈال لی اور کھانے کو وہیں چھوڑ دیا۔ اور
اپنے گھر کی طرف روانہ ہوا۔ وہ شخص اس حکمت سے کھانا پا گیا۔

حکایت چہل و نہم

کچھ تاجر بادشاہ کے پاس گئے اور گھوڑوں کو اس کے
سامنے پیش کیا۔ بادشاہ نے بہت پسند کیا اور خرید ا اور قیمت
سے ایک لاکھ روپیہ زیادہ ان تاجروں کو دیا اور فرمایا کہ اپنے دیس سے دوبارہ گھوڑوں کو
لاؤ۔ تاجر رخصت ہوئے۔ ایک دن بادشاہ نے خوشی اور سرمستی کے عالم میں وزیر سے کہا
کہ تو تمام بیوقوفوں کے نام لکھ ڈال۔ وزیر نے عرض کی کہ اس سے قبل ہی میں نے لکھ لیا ہے
اور سر فہرست حضور کا نام ہے۔ بادشاہ نے پوچھا کیوں؟ اس نے کہا کہ تاجروں کو ایک لاکھ روپیہ
گھوڑوں کے لانے کے واسطے بغیر کسی ضمانت اور ان کے نام و پتہ کے عنایت کر دیا گیا۔ جو
بیوقوفی کی علامت ہے۔ بادشاہ نے کہا اگر تاجر گھوڑوں کو لائے تو کیا کرنا چاہیئے؟ اس نے
کہا اگر وہ تاجر گھوڑے لاتے ہیں تو حضور کا نام بیوقوفوں کی فہرست سے خارج کر دوں گا۔
اور ان تاجروں کا نام اس جگہ لکھ دوں گا۔

حکایت پنجاہم

ایک شخص نے بہت سا مال ایک صراف کے حوالہ کر دیا۔
اور سفر کو چلا گیا۔ جب واپس آیا تقاضا کیا۔ صراف نے
انکار کر دیا اور قسم کھایا کہ تو نے مجھکو کچھ نہیں دیا ہے۔ وہ شخص قاضی کے پاس گیا اور اپنا

احوال کہا۔ قاضی غور و فکر کے بعد فرمایا کسی سے مت کہنا کہ فلاں صراف میرا مال نہیں دیتا ہے۔ میں تیرے مال کی کوئی نہ کوئی تدبیر کروں گا۔ قاضی نے اس صراف کو بلایا اور کہا کہ بہت سارے کام میرے سامنے آگئے ہیں۔ میں انہیں تنہا نہیں کرسکتا۔ میں تجھکو اپنا قائم مقام بنانا چاہتا ہوں۔ اسلئے کہ تو ایماندار ہے۔ صراف نے قبول کرلیا اور بہت خوش ہوا۔ جب گھر گیا قاضی نے اس شخص کو بلایا اور کہا کہ تو اب اپنا مال اس صراف سے مانگ ضرور دے گا۔ وہ شخص مذکورہ صراف کے پاس گیا۔ صراف نے یونہی اس کا چہرہ دیکھا کہا آ تو بہت خوب آیا میں تیرا مال بھول گیا تھا۔ رات مجھکو یاد آیا۔ مختصر یہ کہ اس نے مال اسکو دیدیا۔ اور نائب ہونیکے لالچ میں قاضی کے پاس گیا۔ قاضی نے کہا میں آج بادشاہ کے پاس گیا تھا۔ میں نے سنا کہ وہ مجھکو کوئی بڑا کام سپرد کرنا چاہتا ہے۔ خدا کا شکر ادا کر کہ تو اب بہت بڑا مرتبہ پائے گا۔ اب میں اپنے لئے دوسرا نائب تلاش کروں گا۔ القصہ قاضی نے اسکو اس بہانے سے رخصت کیا۔

حکایت پنجاہ و یکم

ایک دن ایک بادشاہ وزیر کے ساتھ تفریح کیلئے گیا۔ ایک کھیت میں پہونچا اور گندم کے درخت دیکھے جو آدمی کے قد سے زیادہ لمبے تھے۔ بادشاہ کو بہت تعجب ہوا اور کہا میں نے ایسے لمبے گندم کے درخت کبھی نہیں دیکھے ہیں۔ وزیر نے عرض کی کہ اے حضور! میرے وطن میں گندم کے درخت ہاتھی کے قد کی طرح بلند ہوتے ہیں بادشاہ نے ہنس دیا۔ وزیر نے دل میں سوچا کہ بادشاہ نے میری بات کو جھوٹ سمجھ لیا اسی وجہ سے ہنس پڑا۔ جب تفریح سے واپس آیا اپنے وطن کے لوگوں کے نام گندم کے چند ایسے درخت کیلئے خط لکھا۔ جب خط وہاں پہونچا گندم کی فصل گزر چکی تھی۔ القصہ ایک سال کے بعد گندم کے درخت وہاں پہونچے۔ وزیر بادشاہ کے سامنے لیگیا۔ بادشاہ نے پوچھا کیوں لایا؟ اُسنے عرض کی کہ گذشتہ سال میں نے ایک دن عرض کیا تھا کہ گندم کے درخت ہاتھی کے قد کی طرح بلند ہوتے ہیں۔ اس پر حضور نے ہنس دیا تھا۔ میں نے دل میں سوچا کہ آپ

نے میری بات کو جھوٹ سمجھا۔ اپنی بات کی تصدیق کیلئے لایا ہوں۔ بادشاہ نے کہا کہ اب میں نے یقین کرلیا لیکن کبھی بھی تو کسی کے سامنے ہرگز ایسی بات مت کہنا کہ وہ ایک سال کے بعد یقین کرے۔

حکایت پنجاہ ودوم

ایک سوار ایک شہر میں گیا۔ اُسنے سنا کہ یہاں چور بہت ہیں۔ رات کے وقت گھوڑے کے مالک سے کہا کہ تو سوجا میں جاگتا رہوں گا۔ اسلئے کہ مجھ کو تجھ پر بھروسہ نہیں ہے۔ سائیں نے کہا اے حضور! یہ کیسی بات ہے؟ مجھے پسند نہیں کہ میں سویا رہوں اور مالک بیدار رہے۔ میں کبھی ایسا نہیں کروں گا۔ مختصر یہ کہ اس کا مالک سوگیا اور ایک پہر کے بعد بیدار ہوا۔ سائیں سے کہا تو کیا کرتا ہے؟ اُسنے کہا میں سوچ رہا ہوں کہ خدا نے زمین کو پانی پر کیسے قائم کیا؟ اس نے کہا میں ڈرتا ہوں کہ چور آئیں اور تجھکو خبر نہ ہو۔ اس نے کہا اے حضور! اطمینان رکھو۔ میں خبردار ہوں۔ سوار پھر سوگیا۔ اور آدھی رات کے بعد بیدار ہوا۔ پوچھا کہ اے سائیں کیا کرتا ہے؟ اس نے کہا کہ میں سوچ رہا ہونکہ خدا نے آسمان کو کھمبوں کے بغیر کیسے قائم کیا ہے؟ اس نے کہا میں تیرے اس غور و فکر سے ڈرتا ہوں کہ خدانخواستہ چور آئیں اور گھوڑے کو چرالے جائیں۔ اگر تو سونا چاہتا ہے تو سورہ میں جاگتا رہوں گا۔ اس نے کہا مجھکو نیند نہیں آرہی ہے۔ سوار سوگیا اور جب ایک گھنٹہ رات باقی رہ گئی بیدار ہوا۔ سائیں سے پوچھا تو کیا کرتا ہے؟ اُسنے کہا میں اس فکر میں ہوں کہ چور گھوڑے کو تو چرا کرلے گئے اب کل زین کو میں اپنے سر پر رکھوں گا یا صاحب؟

حکایت پنجاہ وسوم

ایک عقلمند نے ہزار روپئے ایک عطار کے حوالے کئے اور سفر کو چلا گیا۔ مدت کے بعد سفر سے واپس آیا اور اپنے روپے عطار سے مانگے۔ عطار نے کہا تو جھوٹ بولتا ہے تو نے مجھکو نہیں دیا ہے۔ عقلمند اس سے الجھ پڑا۔ لوگ جمع ہوگئے اور عقلمند کو جھٹلایا

اور کہا یہ عطار بہت ایماندار ہے۔ کبھی اسنے خیانت نہیں کی ہے۔ اگر تو اس سے جھگڑا کرے گا تو تجھے سزا ملے گی۔ عقلمند مجبور ہوگیا اور اپنا احوال ایک کاغذ پر لکھا اور بادشاہ کو پیش کیا۔ بادشاہ نے حکم دیا۔ جا۔ عطار کی دکان کے سامنے تین دن تک بیٹھ۔ اور اس سے کچھ مت کہہ۔ چوتھے دن میں اس طرف سے گزروں گا۔ تجھکو سلام کروں گا۔ سلام کے جواب کے سوا اور کچھ مجھ سے مت کہنا۔ جب اس جگہ سے میں چلا جاؤں تو اپنا روپیہ عطار سے مانگنا۔ وہ جو کچھ کہے مجھ کو خبر کرنا۔ عقلمند بادشاہ کے حکم کے مطابق عطار کی دکان پر بیٹھ گیا۔ چوتھے دن بادشاہ بڑے جاہ و جلال کیساتھ اس طرف گیا جب عقلمند کو دیکھا۔ گھوڑے کو روکا اور عقلمند سے سلام کیا۔ عقلمند نے سلام کا جواب دیا۔ بادشاہ نے فرمایا اے بھائی! کبھی تو میرے پاس نہیں آتا ہے۔ اور اپنا کوئی احوال مجھے نہیں کہتا ہے۔ عقلمند نے تھوڑا سر ہلایا اور پھر کچھ نہ کہا۔ عطار نے یہ سب کچھ دیکھا اور ڈرنے لگا۔ جب بادشاہ گیا۔ عطار نے عقلمند سے کہا کہ جس وقت تو نے روپیہ میرے حوالہ کیا میں کہاں تھا، کون شخص میرے پاس موجود تھا؟ پھر سے بتلا شاید میں بھول گیا ہوں گا۔ عقلمند نے تمام احوال پھر سے کہا۔ عطار نے کہا تو سچ کہتا ہے اب مجھکو یاد آیا۔ مختصر یہ کہ ہزار روپئے اسنے عقلمند کو دیئے۔ اور بہت عذر پیش کئے۔

حکایت پنجاہ وچہارم

ایک بیوقوف حکیم خود کو سب سے افضل سمجھتا تھا۔ ایک مرتبہ کسی محفل میں اپنی زبان سے اپنی ہی تعریف کررہا تھا۔ اور اس نے کہا کہ جو چیز تلخ ہوتی ہے وہ گرم ہوتی ہے۔ ایک بہت ماہر حکیم محفل میں موجود تھا اس نے کہا جو کوئی بغیر تجربہ کے کوئی بات زبان پر لاتا ہے۔ خود کو نقصان کیطرف لے جاتا ہے۔ کیوں کہ مُر (تلخ دوا) کی خاصیت جاڑے کے موسم میں تیرے دعوے کے خلاف ہے۔

حکایت پنجاہ وپنجم

لوگوں نے بیان کیا ہیکہ جب شاہ محمد نے ہندوستان اور فارس کو فتح کرلیا اور اپنے قبضہ میں لایا۔ اور جو مغرب کے ملک کا ارادہ ایک مدت سے پختہ کئے ہوئے تھا۔ ختم کردیا۔ ایک عورت اسکے سامنے حاضر ہوئی۔ اور کہا پارس کے عراق کے ضلع میں ڈاکوؤں نے میرے لڑکے کو مار ڈالا اور اسکا

سامان لوٹ لے گئے۔ بادشاہ نے کہا ملک سے بہت دور ہے۔ کیسے انصاف کیا جاسکتا ہے؟ عورت نے کہا حضور والا! اس دور و دراز ملک کے بادشاہ کیسے ہو گئے؟ بادشاہ ہنسا اور مظلومہ کے انصاف تک پہونچا۔

حکایت پنجاہ و ششم

لوگوں نے بیان کیا ہیکہ فلاندرس شہر میں ایک معمار ایک دیوار کی بلندی سے ایک آدمی کے سر پر گر پڑا۔ بیچارہ اسی وقت مرگیا۔ اور معمار سلامت رہ گیا۔ اسکے وارثوں نے اس کا دامن پکڑ لیا۔ اور خون کا دعویٰ حاکم کے سامنے کیا۔ اُسنے حکم دیا کہ خون کا معاوضہ لے لیں کیونکہ کوئی شخص موت سے پہلے نہیں مرتا ہے۔ وہ لوگ راضی نہیں ہوئے اور بیکار کوشش کی گئی۔ حاکم نے جان لیا کہ جہالت کو جہالت کے سوا شکست نہیں دیا جاسکتا۔ اور لوہے کو بغیر آہن کے نرم نہیں کیا جاسکتا۔ اسنے کہا۔ وارثوں میں سے ایک کوٹھے پر چڑھ جائے اور اس آدمی کے سر پر خود کو گرادے تاکہ وہ مرجائے۔ اور فتنہ ختم ہوجائے۔ وعویدار مجبور ہوگئے اور دعویٰ کے نام پر لب سی لئے اور اس کے خون کے خیال سے درگزر ے۔

حکایت پنجاہ و ہفتم

حلب کے بادشاہ کو ایک ایسی ضرورت آپڑی کہ سفر کرنا اسکے لئے لازمی ہوگیا۔ جونہی شہر سے باہر نکلا تھا۔ ایک بوڑھی عورت اسکے راستے میں حائل ہوگئی اور کہا خدا کیلئے تھوڑی دیر رک اور اس ظلم و ستم میں ڈوبی ہوئی عورت کو ظلم و ستم کے بھنور سے نجات کے ساحل پر نکال دو۔ بادشاہ نے کہا تھوڑا صبر کر کیونکہ فرصت کی کمی اس کام کیلئے مانع ہے۔ بڑھیا نے کہا اگر تو کمزوروں کے برداشت کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو خود کو بادشاہ کیوں شمار کرتا ہے۔ بادشاہ کو اس کا لطیفہ پسند آیا اور اس پر توجہ دی اور ظلم و ستم سے اسکو نجات بخشی۔ **بیت**

جن بادشاہوں نے خدا کے راستے کو پالیا ہے :: راستے کے تمام تنکوں کو چن لیا ہے۔

حکایت پنجاہ و ہشتم

ایک بیوقوف نے بہت سامال پایا۔ اور خام خیالی کی بنا پر یہ سوچ لیا کہ میں ساٹھ سال سے زیادہ زندہ نہیں رہونگا

پس یہی بہتر ہے کہ اپنا روپیہ خرچ کر ڈالوں کیونکہ میرے بعد لوگ برباد کردیں گے۔ اور میں قبر میں افسوس کروں گا۔ مختصر یہ کہ تھوڑے ہی دنوں میں ان روپیوں کو برباد کر دیا۔ اور اسکی عمر ساٹھ سے آگے گزر گئی۔ گلی گلی بھیک مانگنے لگا۔ اور کہتا تھا اے نیک لوگو! میرا مال خیام خیالی کے سبب ہاتھ سے چلا گیا۔ خدا کیواسطے کچھ ہی سہی مجھے دو اور میری مدد کرو۔

حکایت پنجاہ و نہم

ایک ملاح نے ایک شخص کو بندوق سے مار ڈالا۔ مقتول کے وارثوں نے اسکی کمر میں ہاتھ ڈال دیئے اور چین کے بادشاہ کے سامنے حاضر کیا۔ ایک وکیل نے گواہوں میں سے کسی ایک سے پوچھا کہ تو مدعی کا گواہ ہے یا مدعا علیہ کا؟ اسنے کہا میں اس کا مطلب نہیں سمجھتا ہوں۔ لیکن جس نے کہ اسکو قتل کیا ہے اسے میں پہچانتا ہوں اور اسی کا گواہ ہوں۔ وکیل نے کہا تو عجیب آدمی ہے ابھی تک مدعی اور مدعا علیہ کو نہیں جانتا ہے اور اسکی گواہی دیتا ہے۔ پھر پوچھا کہ تیرا جہاز کس طرف ہے؟ اُسنے کہا بنکل کے پیچھے۔ وکیل نے کہا، "پس بنکل" کس سمت کو کہتے ہیں؟ ملاح نے کہا آپ عجیب آدمی ہیں کہ ابھی تک پس بنکل سے واقف نہیں ہیں اور سوال کرتے ہیں۔

حکایت شصتم

ایک دیہاتی روزانہ پانچ روٹی خریدتا تھا۔ ایک دن ایک شخص نے پوچھا کہ تو روزانہ پانچ روٹی خریدتا ہے آیا کھاتا ہے یا پھینک دیتا ہے اس نے کہا ایک پھینک دیتا ہوں اور ایک سے قرض ادا کرتا ہوں۔ ایک اپنے لئے رکھتا ہوں۔ اور دو قرض دیتا ہوں۔ سوال کرنے والا ان مسئلوں سے حیرت میں پڑ گیا اور کہا ان پہیلیوں کا کیا مطلب ہوگا؟ دیہاتی نے کہا جو اپنے لئے رکھتا ہوں خود کھاتا ہوں اور جو پھینک دیتا ہوں ساس کو دیتا ہوں۔ اور جس سے قرض ادا کرتا ہوں۔ باپ کو کھلاتا ہوں کیونکہ بچپن میں اس نے بھی قرض دیا تھا۔ اور جو قرض دیتا ہوں دو بیٹوں کو عطا کرتا ہوں کہ بڑھاپے میں کام آئے گا۔

حکایت شصت و یکم

ایک سوداگر اسپانیاں سے امریکا پہونچا۔ بادشاہ کے متعلقین میں سے ایک شخص نے اس کا تمام مال لوٹ لیا۔ سوداگر نے ہر چند آہ و فریاد کی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ وہ مسافر آدمی مجبور ہو گیا۔ اور اسی کانٹے

بھرے جنگل میں ٹھہر گیا تاکہ شاید کوئی اس کی فریاد کو پہونچے اور اس کے ساتھ انصاف کرے۔ ایک مدت کے بعد اس جنگل کا بادشاہ اسکے پاس سے گزرا۔ مظلوم نے گستاخی اور بہادری سے اسکے گھوڑے کی لگام پکڑلی اور فریاد کی کہ اس نامراد کا انصاف کر۔ ایک مدت گزر گئی کہ میں تیری آمد کا انتظار کر رہا ہوں۔ اور تیرا پتہ معلوم کر رہا ہوں۔ بادشاہ اس تباہ حال کی دلیری پر متغیر ہوا اور پوچھا کہ تو نے کیسے مجھکو پہچانا اور کیسے میرے نام کی قرعہ اندازی کر لی کہ میں ملک کا حاکم ہوں اور اقلیم کا بادشاہ ہوں؟ فریادی نے کہا محفل کی لگن کی شمع کو پروانوں کی بھیڑ تاریک نہیں کر سکتی۔ اور رات کو روشن کرنے والے چاند کا منور چہرہ ستاروں کی بھیڑ سے خیرہ نہیں ہو سکتا۔

حکایت شصت ودوم

ایک آدمی کے دماغ میں نشہ کی تمنا ہوئی۔ مے فروش کی دکان پر گیا۔ اور ایک جام شراب مانگا۔ میفروش بڑا غصہ ور اور بد دماغ تھا۔ جام کو شراب سے پُر کر کے آدمی شراب زمین پر گرادی۔ اور باقی آدھا جام اس آدمی کو دیکر کچھ تلخ بات کہی۔ اس آدمی نے نیک ذات اور بردبار ہونیکی وجہ سے اسکی گستاخی کو برداشت کر لیا۔ اور غصہ پیتے ہوئے بڑی شفقت کے ساتھ پوچھا کہ اے عزیز! تو نے کیوں ایسا کیا اور شراب گرادی؟ اس نے کہا بیوقوف تو نہیں جانتا ہیکہ یہ خوش قسمتی اور خوش بختی کا شگون ہے؟ اب تو بخش مقام پر پہونچے گا۔ اور قدر و منزلت پالے گا۔ وہ شریف آدمی اس عجیب واقعات سے بہت متعجب ہوا۔ پھر بھی صبر سے کام لیا اور اسکو کوئی رنج نہیں پہونچایا۔ اور کچھ پیسے اسکو دیئے کہ تھوڑا پنیر لا۔ بادہ فروش کمرہ کے اندر گیا اس شریف آدمی نے اسکے شراب کے خم کو اوندھا کر دیا اور شراب کو زمین پر گرادیا۔ میفروش جب واپس آیا اور ایسا حال دیکھا سخت برہم ہوا اور ساتھ اس کے گریبان میں ڈالا اور نقصان کا بدلہ طلب کیا۔ اور اس آدمی نے کہا تو نے ہی کہا تھا کہ شراب کا گرانا نیک شگون ہے تو اب کیوں برہم ہو گیا؟

نصائح

نصیحت اول علم تمام دولت سے بہتر ہے۔ علم عزت اور دولت کا سبب ہے۔ کسی چیز کا جاننا اسکے نہ جاننے سے بہتر ہے۔ حسب اور نسب بغیر علم کے ادھورا ہے۔ ایک عالم جہاں کہیں جاتا ہے لوگ اسکی عزت اور اسکا احترام کرتے ہیں۔ بزرگی کا سرمایہ عقل اور ادب ہے نہ کہ اصل اور نسب۔ آدمی کو نسب علم و ہنر سے درست کرنا چاہیئے نہ باپ سے۔ بغیر عمل کے علم بغیر شہد کے موم کی مانند کوئی لذت نہیں رکھتا ہے۔ تو جو کچھ نہیں جانتا ہے اسکے پوچھنے میں شرم مت محسوس کر۔ **نصیحت دوم** انسان کا بہتر بن سرمایہ ادب ہے بہتر بن تحفہ نصیحت ہے۔ عیب ظاہر کر کے نصیحت کرنا محبت کی علامت ہے۔ دوستوں کا فرض نصیحت کرنا ہے اور نیک بختوں کا فرض نصیحت سننا ہے۔ جو کوئی بزرگوں کی نصیحت نہیں سنتا ہے وہ اپنی ہلاکت میں کوشاں ہوتا ہے۔ **نصیحت سوم** نرمی اور ملائمت اتحاد اور دوستی کا سبب ہے۔ ہر آدمی سے عاجزی بھلی لگتی ہے۔ اور دولت مند سے زیادہ بھلی۔ شکر گزاری نعمت کی زیادتی کا سبب ہے۔ جس نے صبر اختیار کیا جلد مقصد کو پہونچ گیا۔ جو اپنا کام خدا کے سپرد کرتا ہے حسب منشاء پیدا ہوتا ہے۔ دشمن کے ساتھ نرمی اچھی ہے۔ درد والا دوا کو پہونچتا ہے۔ **نصیحت چہارم** صحبت کا اثر ضروری ہے۔ کتاب کی دوستی سب سے بہتر ہے۔ بیوقوفوں کی صحبت سے صحرا نوردی زیادہ بہتر ہے۔ نیک لوگوں کی صحبت میں بیٹھ۔ بروں کی صحبت سے پرہیز کر۔ جاہلوں کی صحبت سے دور رہ کیوں کہ جاہلوں کی صحبت جان کی مصیبت ہے۔ نیکوں کی صحبت کے بیشمار فائدے ہیں۔ بروں کی صحبت نہایت نقصان دہ ہے۔ بروں کی صحبت جلد اثر کرتی ہے۔ اور اس کا نقصان تھوڑے ہی دنوں میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ جو شخص بروں کے ساتھ بیٹھتا ہے نیکی نہیں دیکھتا ہے۔ **نصیحت پنجم** سچائی اپنا شعار کر۔ سچے لوگوں کے دوست بہت ہوتے ہیں۔ ع۔ سچائی خدا کی خوشنودگی کا سبب ہے۔ سچ بولنے کو کبھی نقصان نہیں پہونچتا ہے۔ جو غلطی کر اس کا اقرار کر۔ انکار مت کر۔ دیندار لوگ سب کے نزدیک عزیز ہیں بے ایمان ہر حال میں مردود ہے۔ اور خدا کی مخلوق اس سے ناخوش۔

نصیحت ششم جھوٹ بولنے والا ہمیشہ ذلیل و رسوا ہوتا ہے۔ جو شخص جھوٹ بولنے میں مشہور

ہو جاتا ہے اگر وہ سچ بھی کہتا ہے لوگ اعتبار نہیں کرتے ہیں۔ خوشحالی میں سبھی دوست ہوتے ہیں۔ اور افلاس میں دوستی کا امتحان ہے۔ وقت ایک نایاب چیز ہے جب چلی جاتی ہے واپس نہیں آتی ہے۔ کاموں میں عجلت اور جلدی نہیں کرنی چاہیئے۔ جو بھی کام کر عقلمندوں کے مشورہ سے کر۔ اگر عیب کی تحقیق کے بغیر کسی پر اعتبار کرتا ہے تو حقیقت پوشیدہ رہتی ہے۔ بغیر سوچ سمجھے کام نہیں کرنا چاہیئے۔ اور کھانے پینے کیواسطے وقت کا تعین ضروری ہے۔ **نصیحت ہفتم** گفتگو کے دوران بات کرنا عیب ہے۔ جو بھی کام کرتا ہے دل لگا کر کرنا چاہیئے۔ بیکار بات کرنا عیب ہے۔ بیہودہ بات سے خاموشی زیادہ بہتر ہے۔ برا خیال عقل کو تباہ کر دیتا ہے۔ اور بری بات زبان کو خراب کر دیتی ہے۔ قسم کھانا برا ہے۔ ماں باپ کی فرمانبرداری واجب ہے۔ بزرگوں کی بات پر عمل ضروری ہے۔ عیب نکالنا بھی عیب ہے۔ اپنا فائدہ اور دوسرے کا نقصان چاہنا بیوقوفی ہے۔ کسی کی تکلیف اور ایذا کے درپے نہیں ہونا چاہیئے تکلیف پہونچانا اچھا نتیجہ نہیں رکھتا ہے۔ **نصیحت ہشتم** کسی کے دل کو تکلیف مت پہونچا۔ اپنے گناہ کو لوگوں سے چھپا سکتا ہے لیکن خدا سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتا ہے۔ آدمی اپنے گناہ کو یاد نہیں رکھتا ہے۔ لیکن خدا کے سامنے سب موجود ہے۔ آج کے کام کو کل پر نہیں ٹالنا چاہیئے۔ موت کو ہر وقت موجود سمجھ۔ نیکنامی کی موت بدنامی کی زندگی سے بہتر ہے۔ کرم ہر حال میں پسندیدہ ہے۔ انصاف دولت کی ترقی کا سبب ہے۔ ظلم حکومت کی بنیاد کو اکھاڑ دیتا ہے۔ جان کی حفاظت سب سے مقدم ہے **نصیحت نہم** جو راز کہ تو رکھتا ہے پوشیدہ بہتر ہے۔ کیونکہ راز کے محرم دنیا میں کم ہیں۔ عورتوں سے اپنا راز کھولنا بیوقوفی ہے۔ نیکی کا پھل نیکی ہے اور برائی کا پھل برائی ہے۔ جو کوئی برائی کرتا ہے اسے نیکی کی امید نہیں رکھنی چاہیئے۔ عقلمند دشمن بیوقوف دوست سے بہتر ہے۔ دشمن سے پرہیز کرنا چاہیئے اور دشمن کو حقیر نہیں سمجھنا چاہیئے۔ **نصیحت دہم** آدمی کو چاہیئے کہ ہمت بلند رکھے۔ اور نیک ارادہ۔ فتح اور کامیابی کی علامت بلند ہمتی ہے۔ مشقت برداشت کرنے سے مت ڈر۔ سخاوت عبادت سے بہتر ہے۔ گناہ کو بخش دینا عمدہ عادت ہے۔ جب وعدہ کرا سے پورا کر نیکی کو شش کر۔ تا کہ دوست اور دشمن کو تجھپر اعتماد ہو۔ معافی بلند ہمتی کی علامت ہے۔ اور سب کو برابر جاننا سرداری کی علامت ہے۔ بد چلنی اور ترش روئی مخالفت کا سبب ہے۔ اپنی عزت کے بڑھانیکے لئے اپنی تعریف خود

کرنا ذلت اور رسوائی کا سبب ہوتا ہے۔ **نصیحت یازدہم** | تکبر آدمی کو ذلیل اور بےعزت کر دیتا ہے۔ جو کچھ اپنے لئے ناپسند کرتا ہے دوسرے کیلئے مت ناپسند کر۔ جو فطری طور پر برا ہے اس سے نیکی کی امید مت رکھ۔ بیوقوف کو تعریف اچھی لگتی ہے۔ بیوقوفی کی بیجا تعریف کرنا انکو گمراہ کرتا ہے۔ ایسا نہیں کہ جو خوبصورت ہے وہ خوب سیرت بھی ہے۔ جسکو خوشامد پسند آئی وہ خود کو بھول گیا۔ لالچ برا ہے۔ زیادہ منافع کی لالچ میں اصل پونجی بھی چلی جاتی ہے۔ **نصیحت دوازدہم** | ذوالنون مصریؒ سے لوگوں نے پوچھا کہ عبادت کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہر حال میں خود کو اس کا بندہ سمجھ۔ کیونکہ وہ ہر حال میں تیرا مالک ہے۔ اس خدا کی قسم کہ جسکی آقائی میں کوئی عیب نہیں ہے، چاہیئے کہ اسکی بندگی اور اطاعت میں ہم جیسے لوگوں سے بھی کوئی کوتاہی نہ ہو۔ **نصیحت سیزدہم** | جسوقت دو کام ایسے جو باہم ایک دوسرے کے ضد ہیں۔ اچانک تجھے درپیش ہیں۔ اور تو نہیں جانتا ہیکہ ان دو میں سے کون صحیح اور درست ہے جسے کرے۔ اور کسکو چھوڑ ہیکہ وہ غلط اور جھوٹا ہے۔ ایسی صورت میں دیکھ کہ ان دو کاموں میں سے کونسا کام تیری خواہش نفسانی سے زیادہ قریب ہے۔ اسکی مخالفت کر اور عمل میں مت لا۔ اسلئے صحیح اور درست آدمی کی خواہش نفسانی کے خلاف کرنے میں ہے۔ **نصیحت چہاردہم** | جو شخص کڑوی بات کہنے والا منہ بگاڑنے والا۔ اور بری عادت والا ہوتا ہے۔ تمام لوگ اسکو دشمن سمجھتے ہیں جو شخص جھوٹ نہیں بولتا ہے وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے اور لوگوں کو تکلیف نہیں پہونچاتا ہے تمام لوگ اسکو دوست رکھتے ہیں۔

نصیحت پانزدہم | چار چیز بزرگی کی دلیل ہے۔ علم کو عزیز رکھنا۔ اور برے کو نیکی سے نپٹنا۔ اور غصہ کو ضبط کرنا اور درستی کیساتھ جواب دینا۔ **نصیحت شانزدہم** | عقلمند ترین وہ شخص ہے جو زمانہ کی ناموافقت سے عاجز نہ ہو۔ اور بلند ہمت وہ شخص ہے جو دنیا کی نعمت کے بدلے آخرت کی نعمت قبول کرے۔ اور بیوقوف وہ شخص ہیکہ تواضع کرے ایسے شخص کیساتھ جو اسکی تواضع کو خراب کر دیتا ہے۔ اور ایسے شخص کی قربت مت ڈھونڈ جو تجھسے بیزار رہتا ہے۔ **نصیحت ہیجدہم** | حکیم سقراط کہتا ہیکہ جو بدن فاسد مادوں سے پاک نہیں ہے۔ تو جو بھی غذا اسکو دیتا ہے مرض کے مادہ کی زیادتی کا سبب ہوتا ہے۔ اور یہ ایک راز ہے اس لئے کہ اگر نفس ناطقہ میرے اخلاق سے پاک نہیں ہوتی ہے۔ مختلف فنون کی تعلیم اس کیلئے فتنہ وفساد کی زیادتی کا سبب ہوتی ہے۔

نصیحت نوزدہم | ہندوستان کے حکیموں نے کہا ہیکہ دوستی چار درجے رکھتی ہے۔ **درجہ اول**:۔ وہ ہے جو کہ دوست کے گھر جاتی ہے اور دوست کو اپنے گھر لاتی ہے۔ جب وہ مرتبہ ملجاتا ہے تو چوتھائی دوستی حاصل ہو جاتی ہے

کرنا ذلت اور رسوائی کا سبب ہوتا ہے۔ **نصیحت یازدہم** تکبر آدمی کو ذلیل اور بےعزت کر دیتا ہے۔
جو کچھ اپنے لئے ناپسند کرتا ہے دوسرے کیلئے مت ناپسند کر۔ جو فطری طور پر برا ہے اس سے نیکی کی امید مت رکھ۔
بیوقوف کو تعریف اچھی لگتی ہے۔ بچونکی بیجا تعریف کرنا انکو گمراہ کرنا ہے۔ ایسا نہیں کہ جو خوبصورت ہے وہ خوب
سیرت بھی ہے۔ جسکو خوشامد پسند آئی وہ خود کو کھو گیا۔ لالچ برا ہے۔ زیادہ منافع کی طلب میں اصل پونجی بھی چلی
جاتی ہے۔ **نصیحت دوازدہم** ذوالنون مصریؒ سے لوگوں نے پوچھا کہ عبادت کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہر حال
میں خود کو اس کا بندہ سمجھ۔ کیونکہ وہ ہر حال میں تیرا مالک ہے۔ اس خدا کی قسم کہ جسکی آقائی میں کوئی عیب نہیں ہے،
چاہیئے کہ اسکی بندگی اور اطاعت میں ہم جیسے لوگوں سے بھی کوئی کوتاہی نہ ہو۔ **نصیحت سیزدہم** جسوقت دو کام
ایسے جو باہم ایک دوسرے کے ضد ہیں۔ اچانک تجھے درپیش ہیں۔ اور تو نہیں جانتا ہیکہ ان دو میں سے کون صحیح
اور درست ہے جسے کرے۔ اور کسکو چھوڑ بیکہ وہ غلط اور جھوٹا ہے۔ ایسی صورت میں دیکھ کہ ان دو کاموں میں
سے کون سا کام تیری خواہش نفسانی سے زیادہ قریب ہے۔ اسکی مخالفت کر اور عمل میں مت لا۔ اسلئے صحیح اور
درست آدمی کی خواہش نفسانی کے خلاف کرنے میں ہے۔ **نصیحت چہاردہم** جو شخص کڑوی بات کہنے والا۔
منہ بگاڑنے والا۔ اور بری عادت والا ہوتا ہے۔ تمام لوگ اسکو دشمن سمجھتے ہیں جو شخص جھوٹ نہیں بولتا ہے
وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے اور لوگوں کو تکلیف نہیں پہونچاتا ہے تمام لوگ اسکو دوست رکھتے ہیں۔
نصیحت پانزدہم چار چیز بزرگی کی دلیل ہے۔ علم کو عزیز رکھنا۔ اور برے کو نیکی سے نپٹنا۔ اور غصہ کو ضبط کرنا
اور درستی کیساتھ جواب دینا۔ **نصیحت شانزدہم** عقلمند ترین وہ شخص ہے جو زمانہ کی ناموافقت سے عاجز
نہ ہو۔ اور بلند ہمت وہ شخص ہے جو دنیا کی نعمت کے بدلے آخرت کی نعمت قبول کرے۔ اور بیوقوف وہ شخص
ہیکہ تواضع کرے ایسے شخص کیساتھ جو اسکی تواضع کو خراب کر دیتا ہے۔ اور ایسے شخص کی قربت مت ڈھونڈ جو
تجھسے بیزار رہتا ہے۔ **نصیحت ہیبدہم** حکیم سقراط کہتا ہیکہ جو بدن فاسد مادوں سے پاک نہیں ہے۔ تو جو بھی
غذا اسکو دیتا ہے مرض کے مادہ کی زیادتی کا سبب ہوتا ہے۔ اور یہ ایک راز ہے اس لئے کہ اگر نفس ناطقہ میرے
اخلاق سے پاک نہیں ہوتی ہے۔ مختلف فنون کی تعلیم اس کیلئے فتنہ و فساد کی زیادتی کا سبب ہوتی ہے۔
نصیحت نوزدہم ہندوستان کے حکیموں نے کہا ہیکہ دوستی چار درجے رکھتی ہے۔ **درجہ اول**:۔ وہ ہے جو کہ
دوست کے گھر جاتی ہے اور دوست کو اپنے گھر لاتی ہے۔ جب وہ مرتبہ ملجاتا ہے تو چوتھائی دوستی حاصل ہو جاتی ہے

درجہ دوم:۔ وہ ہے جو کہ دوست کے گھر پر کچھ کھاتی ہے اور دوست کو اپنے گھر پر کچھ کھلاتی ہے۔ جب اس مقام پر پہونچتی ہے آدھی دوستی حاصل ہو جاتی ہے۔ **درجہ سوم**:۔ وہ ہے جو دوست کو کچھ عطا کرتی ہے اور اگر دوست کچھ عطا کرتا ہے لے لیتی ہے جب اس مرتبہ کو پہونچتی ہے تو تین چوتھائی دوستی حاصل ہو جاتی ہے۔ **درجہ چہارم** وہ ہے جو اپنے دل کے راز سے دوست کو آگاہ کرتی ہے اور دوست کو بھی چاہیئے کہ اپنے دلی رازوں سے اسکو مطلع کرے اور جب اس رتبہ کو پہونچتی ہے پوری دوستی حاصل ہو جاتی ہے اور دوستی کا مرتبہ اس سے بلند تر نہیں ہے۔

سوال وجواب س:۔ خدائے تعالیٰ سے کیا مانگنا چاہیئے۔ ج:۔ دونوں جہاں کی خیر و عافیت۔ س:۔ زندگی کیسے بسر کرنی چاہیئے؟ ج:۔ خوش رکھنے اور کم تکلیف دینے کیساتھ۔ س:۔ عمر کس کام میں صرف کرنی چاہیئے ج:۔ علم کے حاصل کرنے میں۔ س:۔ علم کیا نتیجہ بر آمد کرتا ہے؟ ج:۔ علم کا پڑھنیوالا اگر چھوٹا ہوتا ہے تو بڑا بن جاتا ہے اور اگر فقیر ہوتا ہے تو مالدار ہو جاتا ہے۔ س:۔ عزت کس چیز سے بڑھتی ہے؟ ج:۔ کم بولنے سے۔ س:۔ نیک بخت کسوجہ سے پہچانا جاتا ہے؟ ج:۔ تین وجہ سے ایک علم کی طلب، دوسرے سخاوت، تیسرے ہنس مکھ رہنا۔ س:۔ نیک ترین کونسے کام ہیں؟ ج:۔ عالموں اور حکیموں کی مجلس میں بیٹھنا اور ان لوگوں کی صحبت سے نفع اٹھانا۔ س:۔ آدمی کو جان سے زیادہ کیا عزیز ہے؟ ج:۔ دیندار کو دین اور بیدین کو پیسے۔ س:۔ دوست کیسے پہچانا جاتا ہے؟ ج:۔ ضرورت کیوقت دوست اور دشمن کو معلوم کیا جا سکتا ہے۔ س:۔ وہ کون آدمی ہے جو سینکڑوں عیب رکھتا ہے لیکن لوگ اسپر عیب نہیں رکھتے ہیں؟ ج:۔ سخی آدمی۔ س:۔ وہ کونسی چیز ہے جو زندگی سے بہتر ہے اور موت سے بدتر ہے؟ ج:۔ نیکنامی زندگی سے بہتر ہے اور بدنامی موت سے بدتر ہے۔ س:۔ کس چیز میں جسم کی صحت ہے؟ ج:۔ بچی اشتہا کیساتھ کھانا کھانا اور ابھی تھوڑی اشتہا باقی ہو ہاتھ کھانے سے کھینچ لینا۔ س:۔ انسان کس عمل سے دلوں کا محبوب بنتا ہے؟ ج:۔ لوگوں کیساتھ درست معاملہ کرنے اور ہمیشہ ہنس مکھ رہنے کی وجہ سے۔ س:۔ کم آزاری کیسے حاصل ہوتی ہے؟ ج:۔ خود کو تمام جاندار چیزوں سے کمتر اور بدتر جاننے سے۔ س:۔ یہ خوبی کیسے حاصل ہوتی ہے؟ ج:۔ عالموں اور حکیموں کی صحبت سے۔ س:۔ نافرمان لڑکا کیسا ہوتا ہے؟ ج:۔ جیسے کہ چھٹی انگلی اگر کاٹیں تو تکلیف ہو اور چھوڑ دیں تو عیب ہو۔ س:۔ مالدار کیلئے کونسا عمل بہتر ہے؟ ج:۔ غریبوں کو کھلانا، اور مہمانوں کی خاطر اور تواضع کرنا۔ س:۔ سچے دوست کی کیا پہچان ہے۔ ج:۔ وہ ہے جو نیکی میں تیری مدد کرے اور برائی سے تجھکو روکنے والا ہے۔